بعدالت جناب فیملی جج صاحب سمبڑیال

(مدعیہ)

بنـــــــام

(مدعاعلیہ)

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع

جناب عالی!۔

مدعیہ حسب ذیل عرض گزار ہے۔

1۔ یہ کہ مدعیہ کا نکاح ہمراہ مدعاعلیہ بمطابق شرع محمدی مورخہ 01-02-2026 بمقام سمبڑیال، تحصیل سمبڑیال ضلع سیالکوٹ بشرع محمدی بالعوض حق مہر مبلغ -/10,000 روپے سرانجام پایا۔(نقل نکاح نامہ لف ہذا ہے)۔

2۔ یہ کہ بعداز نکاح تاحال رخصتی عمل میں نہ لائی گئی ہے۔

3۔ یہ کہ تاحال مدعیہ رخصت ہو کر مدعاعلیہ کے گھر آباد نہ ہوئی ہے، اور مدعاعلیہ کا رویہ فون پر ہمراہ مدعیہ ٹھیک نہ رہا ہے، مدعاعلیہ مدعیہ کو فون پر دھمکیاں دیتا ہے کہ وہ مدعیہ کو کبھی بھی رخصت کر کے اپنے گھر آباد نہ کرے گا اور مدعیہ کو یونہی زندگی بھر ذلیل ورسوا کرے گا۔

4۔ یہ کہ مدعاعلیہ نے نہ تو مدعیہ کو آباد کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور نہ ہی آباد کرنے کی کوئی خواہش رکھتا ہے،

اور نہ ہی کوئی خرچہ نان ونفقہ دیا ہے۔ بدیں وجہ مدعیہ کو مدعا علیہ سے شدید نفرت ہو چکی ہے اس لیے اب مدعیہ مدعا علیہ کے ساتھ رخصت نہ ہونا چاہتی ہے۔اس لئے مدعیہ تنسیخ نکاح وخلع کی ڈگری کی حقدارہ ہے

۔

5۔ یہ کہ ہر چند مدعا علیہ کو کہا اور کہلوایا گیا ہے کہ مدعا علیہ مدعیہ کو طلاق دے کر اپنی زوجیت سے الگ کر دے ۔مگر مدعا علیہ ایسا تسلیم کرنے سے انکاری ہے۔

5۔ یہ کہ بنائے دعوی عرصہ 2 روز قبل قطعی انکار سے پیدا و حاصل ہوئی جو تا حال جاری ہے۔

7۔ یہ کہ رہائش مدعیہ اندر حدود عدالت حضور واقع ہے لہذا عدالت حضور کو اختیار سماعت دعوی ہذا حاصل ہے

8۔ یہ کہ دعوی ہذا پر بمطابق قانون کورٹ فیس چسپاں کر دی گئی ہے۔

بحالات بالا استدعا ہے کہ ڈگری تنسیخ نکاح بر بنائے خلع بحق مدعیہ برخلاف مدعا علیہ صادر فرمائی جاوئے۔ نیز دیگر دادرسی جو قرین انصاف ہو وہ بھی دلائی جائے۔مورخہ

عرضـــے

تصدیق بمقام کچہری سمبڑیال مورخہ

مظہرہ خلفاً تصدیق کرتی ہے کہ ضمنات عرضی دعوی 1 تا 5 تک مظہرہ کے علم و یقین میں بقیہ امور مندرجات 6 سے 8 مظہرہ کی بہترین اطلاع پر جسے وہ درست باور کرتی ہے صحیح ودرست ہیں۔

المحلـــــــــــــــــــف

(مدعیہ)

بذریعہ کونسل: